SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Sunday, September 18, 1994

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad, at fifty five minutes past four in the evening with Mr. Presiding officer (Malik Muhammad Hayat) in the Chair.

Recitation from the Holy Quran

بسم الله الرحمن الرحيم

ولا تقف ما ليس لک به علم ان السمع والبصر وا لفو اد کل
اولئک کان عنه مسئولا O و لا تمش فی الارض مرحا انک لن
تخرق الارض و لن تبلغ الجبال طولاO کل ذلک کان سیئه عند
ربک مکروها O ذلک مما اوحیٰ الیک ربک من الحکمة ولا
تجعل مع الله الها اخر فتلقی فی جهنم ملوما مد حورا O

ترجمہ: اور جس بات کی تم کو (صحیح) خبر نہیں اس کے پیچھے نہ پڑو ۔ (سنی سنائی باتوں پر نہ جاؤ یاد رکھو کہ) بلا شبہ کان اور آنکھ اور دل ان سب سے پوچھ گچھ ہو گی ۔ (اس باز پرس کے دن سے غافل نہ ہو' اور اس ڈھیل پر جو دنیا میں لوگوں کو دی جاتی ہے اترا نہ جاؤ)۔

اور زمین پر اکڑ کر (اتراتے ہوئے) مت چلو۔ نہ تم زمین کو پھاڑ سکتے ہو اور نہ پہاڑوں کی بلندیوں کو پہنچ سکتے ہو (تم جو ہو وہی رہو گے ' تمہاری اکڑ پھوں سے تمہاری حقیقت بدل

4480(57) Sent. (1)

SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Sunday, September 18, 1994

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad, at fifty five minutes past four in the evening with Mr. Presiding officer (Malik Muhammad Hayat) in the Chair.

Recitation from the Holy Quran

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ولا تقف ما لیس لک به علم ان السمع والبصر وا لفو اد کل
اولٸک کان عنه مسئولا O و لا تمش فی الارض مرحا انک لن
تخرق الارض و لن تبلغ الجبال طولاO کل ذلک کان سیئه عند
ربک مکروها O ذلک مما اوحیٰ الیک ربک من الحکمة ولا
تجعل مع الله الها اخر فتلقی فی جهنم ملوما مد حورا O

ترجمہ: اور جس بات کی تم کو (صحیح) خبر نہیں اس کے پیچھے نہ پڑو۔ (سنی سنائی باتوں پر نہ جاؤ یاد رکھو کہ) بلا شبہ کان اور آنکھ اور دل ان سب سے پوچھ گچھ ہو گی۔ (اس باز پرس کے دن سے غافل نہ ہو' اور اس ڈھیل پر جو دنیا میں لوگوں کو دی جاتی ہے اترا نہ جاؤ)۔

اور زمین پر اکڑ کر (اتراتے ہوئے) مت چلو۔ نہ تم زمین کو پھاڑ سکتے ہو اور نہ پہاڑوں کی بلندیوں کو پہنچ سکتے ہو (تم جو ہو وہی رہو گے' تمہاری اکڑ پھوں سے تمہاری حقیقت بدل

44805(57)Sest.(1)

نہ جانئے گی)۔

یہ سب بری باتیں (جن سے تم کو منع کیا گیا ہے) تمہارے رب کے نزدیک بڑی بیزاری کی ہیں (اس کی رضا چاہتے ہو تو خود ان باتوں سے بیزار رہو اور جس کام کے کرنے کا جس طرح حکم دیا گیا ہے وہ کئے جاؤ)۔

یہ (ہدایت کی) باتیں اس حکمت سے ہیں جو آپ کے رب نے آپ کی طرف وحی فرمائی((تاکہ لوگ قول حق ، کلمہ حق اور رسول برحق کو سمجھیں) اور (خوب یاد رکھو کہ) اللہ کے ساتھ کسی اور کو معبود نہ ٹھہراؤ ورنہ (اے مخاطب) تو ملامت زدہ راندہ (بارگاہ) ہو کر جہنم میں پھینکا جائے گا۔

POINT OF SELF EXPLANATION

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ جی جناب ملک حاکمین صاحب۔

ملک حاکمین خان۔ جناب شکریہ جی کہ آپ نے مجھے موقع دیا ۔ میں آپ کو کچھ باتوں کی نشاندہی کرنا چاہتا ہوں ۔ جناب والا ! جمعرات کے روز اس ایوان بالا میں ہم نے ایک تحریک التواء پیش کرنے کی کوشش کی لیکن جناب چیئرمین نے ہمیں اجازت نہ دی ۔ اس کے باوجود دوسرے دن اخبارات میں کچھ اس قسم کی خبریں شائع ہوئیں ایسے حالات سامنے آئے جن سے میں یقینا" متاثر ہوا ہوں ۔ جناب والا ' اخبارات میں یہ بات آئی کہ یہاں کوئی ایسا واقعہ وقوع پذیر ہوا اور میں نے کوئی ایسی غلطی کی جو اس ملک کے خلاف تھی' جمہوریت کے خلاف تھی کیونکہ اس خبر سے ایسا تاثر ملتا تھا کہ جناب چیئرمین نے مجھے بات کرنے سے روک دیا اور ڈانٹ دیا اور مجھے سختی سےحکم دیا کہ میں بیٹھ جاؤں۔ جناب والا' اس سے یقینا" میرے چاہنے والے ' میرے وہ محسن لوگ جن کی تعداد لاکھوں پر مشتمل ہے ' جنہوں نے مجھے تین چار مرتبہ منتخب کیا اور مجھے صوبائی اسمبلی کا ممبر بنایا اور آپ جانتے ہیں کہ چند دن پہلے جب میں نے اس ایوان بالا کا رکن منتخب ہونے کے بعدحلف اٹھایا اور حلف اٹھانے کے بعد جب میں اپنے دیہات میں گیا ' اپنے ضلع میں گیا -- اس ملک کے دانشور گواہ ہیں' اس ملک کے سخن شناس گواہ ہیں کہ لاکھوں کی مخلوق خدا نے میرا استقبال کیا ' مجھے عزت دی اس لیے دی کہ جب میں ایوان میں جاؤں گا تو ان کے مفادات کی نگہداشت

کروں گا ۔ اس ملک میں جمہوریت کی بقا کے لیے میری جو جدوجہد ہے ۔ اس ملک کی بقا کے لیے میری جو جدوجہد ہے اس کے متعلق میرے یہ رفقاء کار اچھی طرح جانتے ہیں جناب میں نے اس صدی کا چوتھائی حصہ جو وقف کیا تھا ۔ میں نے ان حالات میں ان مشکلات میں ' میں جو آٹھ سال سزائے موت کی cell میں گزارے ' میں نے کوڑے کھائے ' جمہوریت کے لیے میری جو جدوجہد تھی' میں نے اپنی وفاداریاں تبدیل نہیں کیں وہ میں نے اس لیے نہیں کی تھیں کہ جب میں ایوان میں آوں گا آپ کے سامنے آوں گا تو آپ مجھے عزت دیں گے ' معاشرہ مجھے عزت کی نگاہ سے دیکھے گا کہ یہ وہ ملک حاکمین ہے جو نہ بکنے والا ہے ' نہ جھکنے والا ہے بلکہ اپنے اصولوں پر کاربند رہنے والا ہے۔ جناب والا' میں آج اپنے ان عظیم لوگوں سے پوچھنے والا ہوں کہ تاریخ کیا سبق دیتی ہے انسانیت کے تقاضے کیا ہوتے ہیں بڑائی کیا ہوتی ہے ' کسی کے پاس بہت بڑی جاگیر ہو یا کسی کے پاس بہت پیسہ ہو یا کسی کی علمیت پر فضیلت زیادہ ہو یا اس نے اپنے اصولوں پر کاربند رہنا ہو' وہ انسانیت کے تقاضے پورے کرے۔ جناب والا' ہماری تاریخ گواہ ہے ہم نے کیا کچھ کیا' ہم نے اتنی نشاندہی کی کہ جب صبح ہندوستان کا ریڈیو اپنی نشریات شروع کرتا ہے تو وہاں وہ مطالبہ کر رہے ہیں اس ملک کو اس میری دھرتی کو جس کے لیے میں نے جدوجہد کی وہ میں نے اس لیے کی کہ میرے سامنے میرا اپنا orientation تھا میری ایک ideology تھی ایک کنونشن کے مطابق اس جدوجہد میں میرا ایک نظریہ تھا میں committed تھا کہ میں نے اس ملک میں ایک ایسی جمہوریت لاگو کرنی ہے ' ایسی جمہوریت کا ساتھ دینا ہے جو اس ملک کی بقا کے لیے ہو جو سوداگری کے لیے نہ ہو ۔ اس ملک میں ایک خدمت کا جذبہ لے کر آگے بڑھنا تھا اور میری جو اس وقت تحریک التواء تھی اس میں یہی تھا کہ اس وقت حالات اس ڈگر پر جا رہے ہیں ۔ ہمارے لیڈر آف اپوزیشن کے خلاف جو باتیں ہو رہی ہیں اس سے ہندوستان تک کو تقویت مل رہی ہے اور بات یہاں تک آ رہی ہے کہ اس ملک کو ' اس پاکستان کو تخریب کار declare کیا جائے ۔ جب پاکستان کا لیڈر آف اپوزیشن یہ بات کہتا ہے ایک دفعہ وہ کہتا ہے کہ ہمارے پاس ایٹم بم ہے اور پھر واشنگٹن پوسٹ کے حوالے سے ایک بات آتی ہے اور جناب والا! جب اس قسم کی بات آتی ہے تو اس ملک میں ایک عجیب قسم کی گھٹن پیدا ہوتی ہے۔ جناب لیڈر آف دی اپوزیشن اور ان رفقاء کو میں کہنا چاہتا ہوں کہ اقتدار کے بعد انہیں کیا ہو گیا ہے۔ اقتدار کے بعد تو مشکلات بھی آتی ہیں۔ جیلوں میں بھی جانا پڑتا ہے کوڑے بھی کھانے پڑتے ہیں۔ جناب بڑا دل کرنے کی ضرورت

ہے۔ اس لیے میں عرض کرتا ہوں کہ ان حالات میں افرا تفری پھیلانے کی کیا ضرورت ہے ۔ جب یہ ملک afford ہی نہیں کر سکتا کہ اس ملک میں بار بار جمہوریت کا خاتمہ ہو اور الیکشن کے مطالبے ہوں۔ کیا ضرورت تھی ٹرین مارچ کی اگر اس میں ناکامی ہوئی تو دوبارہ کیوں یہ ایسے اقدام اٹھا رہے ہیں۔ کیا یہ ملک کی خدمت ہے ؟ یہ قوم کی خدمت ہے ؟ کیا یہ اس سسٹم کی خدمت ہے ؟ کیا جناب ہم وزیر اعظم ہندوستان کی بات کو آگے بڑھانا چاہتے ہیں اس کو تقویت دینا چاہتے ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ اپنے تک confine کریں۔

ملک حاکمین خان۔ جناب میں انتہائی شکر گزار ہوں۔ میں راجہ صاحب کی انتہائی قدر کرتا ہوں۔ احترام کرتا ہوں۔ یہ میرے وہ رفقاء کار ہیں جنہوں نے جمہوریت کیلئے بہت جد و جہد کی ہے۔ میں اس بات کو آگے بڑھانا چاہتا ہوں۔ اگر جناب والا مجھے تھوڑا سا وقت دیں تو میں کچھ نشاندہی کرنا چاہتا ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ نہیں آپ کو اور وقت نہیں ملے گا آپ نے اپنا پوائنٹ بتا دیا ہے۔ شکریہ۔ میں اس کے اوپر رولنگ دیتا ہوں کہ ملک صاحب کو چیئرمین سینٹ نے بالکل نہیں ڈانٹا۔ ہم ملک صاحب کی respect کرتے ہیں۔ وہ ہمارے بہت بڑے معزز Parliamentarian ہیں۔ انھیں تجربہ بھی بہت ہے اور انھوں نے کبھی کوئی غلط بات نہیں کی۔ شیخ صاحب۔

FACILITIES GIVEN TO THE CHAIRMAN OF THE STANDING COMMITTEES

جناب آفتاب احمد شیخ۔ جناب چیئرمین صاحب میں جس بات کو اس ہاؤس کے سامنے پیش کرنا چاہتا ہوں۔ اس کا تعلق موجودہ چیئرمین حضرات کی appointments سے ہے۔ یہاں treasury benches موجود ہیں اور وزراء حضرات بھی بیٹھے ہوئے ہیں۔ میں افسوس کے ساتھ اس بات کو دہراتا ہوں کہ اخبارات یہ بتا رہے ہیں کہ چیدہ چیدہ چیئرمین حضرات کو دفاتر کیلئے پیسے بھی دے دیئے گئے ہیں۔ انھیں گاڑیاں بھی دی گئی ہیں۔ ان کو عملہ بھی دے دیا گیا ہے۔ انھیں تنخواہیں بھی مل رہی ہیں۔ سینٹ میں جو لوگ elect ہوئے ہیں نہ ان کے پاس اسوقت تک دفاتر ہیں۔ نہ انھیں کوئی عملہ ملا ہے اور نہ کوئی مراعات جو حکومت نے announce کی ہیں ان کا کوئی

پتہ نہیں۔ میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں اور اس کے بارے میں میں ایک اور بات میں آپ سے عرض کرنا چاہتا ہوں کہ حکومت کا اسی قسم کا رویہ ہے۔ سینٹ کی کمیٹی کی meetings میں پاکستان ٹیلی ویژن کا جو کردار ہے ۔ جو انداز ہے جو طریقہ کار ہے وہ complete black out کا ہے سینٹ کی کمیٹیوں کی proceedings کا۔ میں ان دونوں باتوں کی طرف جناب کی توجہ دلانا چاہتا ہوں ۔ میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ آخر یہ سینٹ اور اس کے معزز ممبران ہیں۔ ہم ہیں تو معزز کیونکہ ظاہر ہے لوگوں نے ہمیں elect کیا ہے ہمارے ساتھ یہ سوتیلی ماں کا سا سلوک حکومت کا کیوں ہے؟ سوال یہ ہے کہ ہمارے چیئرمین جتنے بھی ہیں ان کو اب تک دفاتر کیوں نہیں ملے۔ انھیں اب تک conveyance کیوں provide نہیں کی گئی ۔ جب کہ ان کے مقابلےمیں دوسروں کو مراعات دی جا رہی ہیں۔ سب کی name plates لگ گئی ہیں لیکن ہمارے سینٹ کے چیئرمینوں کو کیوں نہیں دی جا رہی ہیں۔ میرا جناب چیئرمین آپ سے یہ سوال ہے ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ شکریہ۔

سید اقبال حیدر۔ میں تو اپنے معزز رکن سے یہ صرف گزارش کروں گا۔ آپ کے ذہن میں حکومت کے بارے میں اس طرح کے غلط خیالات کیوں آتے ہیں۔ یہ آپ تعصب رکھتے کیوں ہیں حکومت کے بارے میں حکومت کی نیت بالکل نیک ہے۔ ہماری پوری کوشش ہے اور ہمارے تمام سنیٹرز ہمارے لئے معزز ہیں اور معزز ترین ہیں اور اتنے ہی معزز ہیں جتنے نیشنل اسمبلی کے اراکین ہیں ۔ ہم کسی قسم کے امتیازی سلوک یا تعصب پر یقین نہیں رکھتے لیکن آپ کے جملوں سے مجھے یہ ضرور محسوس ہوتا ہے کہ آپ کا بڑا تعصب اور امتیازی سلوک ہے حکومت کے ساتھ۔ آپ مطمئن رہیں جو جو مراعات ہوں گی ہم پوری کوشش کر رہے ہیں کہ ہمارے سینٹ کے چیئرمین کو بھی اتنا ہی کچھ دیا جائے ۔ میں اس کے لئے آپ کی وکالت کر رہا ہوں۔

POINT OF ORDERS

i) Re: CALL ATTENTION NOTICE

Mian Raza Rabbani: Point of order. Sir, on the 14th. I faxed a Call Attention Notice under Rule 159 to be read with Rule 236 on the flood situation.

I raised this point on the 15th also on the floor of the House and the Chairman. at that time directed that ,don't take it up now, it will come up on Sunday and it will be on the Order of the Day but the Call Attention Notice is again not on the Order of the Day. It pertains to the flood situation, particularly, in the Province of Sindh, which is very critical and when I approached the Secretariat, it had a very callous attitude. I was told. if it has not come up today, it will definitelly come up tomorrow, if not tomorrow, it will come up the day after. They can afford to have this callous attitude while sitting in offices in Islamabad. But the situation in the Province of Sindh with reference to the floods is some thing which should be brought to the notice of this House.

Mr. Presiding Officer: Well it is not on the agenda today. We are going to put this as first item tomorrow morning

Mian Raza Rabbani: Right Sir, but otherwise, I have asked that the rules be suspended and it may be taken up immediately. But if you like, then first thing tomorrow.

ii) Re: RELEASE OF DEVELOPMENT FUNDS.

Presiding Officer: First thing tomorrow morning.

سید محمد فضل آغا۔ شکریہ ۔ جناب والا! ہم اقبال حیدر صاحب کی لفاظی سے تو پورے ایک سال سے محظوظ ہو رہے ہیں اور اس پورے سال میں جو وعدے خوبصورت الفاظ کی شکل میں لپیٹے ہوئے ہیں' ان میں سے ان کا کوئی وعدہ بھی پورا نہیں ہوا ہے۔ انہوں نے سب سے پہلے اس floor of the House پر یہ وعدہ کیا تھا کہ ۱۹۹۲-۹۴ کے جو so-called peoples' works programmes یا تعمیر وطن کے پیسے تمام معزز اراکین کو release کئے جائیں گے اور یہ funds non lapsable ہیں لیکن آج میں یہ بات ریکارڈ پر لانا چاہتا ہوں کہ ان کی پسند کے یا ان کی

مرضی کے جو سینیئرز حضرات ہیں ' ان کے فنڈ تو release ہو گئے ہیں اور باقی کے نہیں ۔ میں عرض کرتا ہوں کہ جن تلوں سے یہ مزید تیل نکالنا چاہتے ہیں ۔ یا ان کی کوئی خواہش ہے کہ شاید کوئی بات بن جائے' یہ ان کی خواہش پوری نہیں ہو گی ۔

جناب والا! اپنے سیاسی عزائم کی خاطر بہت سارے ایسے معزز اراکین ہیں ' جن کے انہوں نے funds release نہیں کئے ہیں۔ وہ اپنی سکیمیں ایک سال پہلے دے چکے ہیں اور اس کے بعد وہ پچھلے financial year میں administratively approved بھی ہو گئی ہیں' ان کی کاپیاں بھی ہمارے پاس موجود ہیں ۔ اقبال حیدر صاحب اور Leader of the House ملک محمد قاسم صاحب نے ہمیں floor of the House پر assurance دی تھی کہ ہم سب کے ساتھ مساوی سلوک کریں گے اور funds release کریں گے لیکن بدقسمتی سے آج تک ان سینیئرز کے جو شاید ان کے منظور نظر نہیں ہیں یا نہیں ہو سکتے ہیں ' ان کے funds ابھی تک release نہیں کئے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس طرز عمل سے انہوں نے پورے ہاؤس کا استحقاق مجروح کیا ہے ۔ اس کے بارے میں میں نے بحیثیت چیئرمین privilege committee ان کو ایک letter لکھا ہے ۔ اس کا بھی انہوں نے مجھے جواب نہیں دیا ہے ۔ میں نے لکھا ہے کہ آپ نے اس ہاؤس میں assurance دی تھی کہ تمام ممبران کو آپ ایک ساتھ funds release کریں گے اور تمام اراکین سینٹ کے ساتھ برابر کا سلوک کریں گے لیکن یہ سب کچھ انہوں نے نہیں کیا ہے اور اس ہاؤس کا استحقاق مجروح کیا ہے ۔

جناب والا! دوسری بات یہ ہے کہ میں سمجھتا ہوں کہ پاکستان میں جو سب سے زیادہ دو معزز ہاؤس ہیں ' وہ نیشنل اسمبلی اور سینٹ ہیں ۔ ان کمیٹیوں میں جو کارروائی ہوتی ہے ' اس سے قوم کو بے بہرہ رکھا جاتا ہے۔ جو حکومت اب برسراقتدار آئی ہے ' اس نے یہ practice شروع کی ہے کہ قوم کے سامنے ان کمیٹیوں کی کارروائی کو پیش نہ کیا جائے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ پوری دنیا میں جہاں بھی جمہوری روایات ہیں ' وہاں ایسی کمیٹیوں کا پارلیمنٹ کو چلانے اور ملک کے کاروبار کو چلانے میں بڑا اہم اور موثر رول ہوتا ہے اور ایک کردار ہوتا ہے ۔ یہی حال سینٹ او نیشنل اسمبلی کا ہے۔ لیکن ہماری یہ بدقسمتی ہے اور میں نہیں سمجھتا کہ کن وجوہات کی بنا ء پر جب سے یہ حکومت بر سر اقتدار آئی ہے ' ان کمیٹیوں کی کارروائی سے قوم کو آگاہ نہیں کیا جا رہا ہے ۔ دوسری جانب صورت حال یہ ہے کہ جہاں کہیں بھی کسی village کی

electrification ہو رہی ہوتی ہے جو کہ foreign aid سے ہوتی ہے ' اس میں ہماری حکومت کی contribution بھی نہیں ہوتی ہے : اس کے اخراجات ہمارے بجٹ میں شامل نہیں ہوتے ہیں اس کو تو TV پر دکھایا جاتاہے ' چاہے یہ اسمبلی کا ممبر ہوتاہے یا نہیں ہوتا ہے اور کہا جاتاہے کہ یہ فلاں صاحب نے کی ہے اور یہ فلاں صاحب نے کی ہے ۔

جناب والا! صورت حال یہ ہے کہ یہاں لوگ ہیلی کاپٹرز پر پھر رہے ہیں' ان کے متعلق تو بتایا جاتا ہے ۔ کل پشاور میں معمولی سی briefing ہو رہی تھی ' اس کو تو انہوں نے TV پر دکھایا ہے۔ لیکن اس معزز ہاؤس کی جو کمیٹیاں ہیں ' جن کاپارلیمنٹ میں اور جمہوری نظام میں بہت important اور pivotal role ہے' انہوں نے ان کی کارروائی TV پر دکھانے کا سلسلہ discontinue کر دیا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس سے دونوں ایوانوں کی ہتک عزت ہوئی ہے اور ان کا استحقاق مجروح ہوا ہے ۔ اس کی کیا وجہ ہے کہ کمیٹیوں میں جو کارروائی ہوتی ہے' اس سے قوم کو بے بہرہ رکھا جاتا ہے اور قوم کو اس سے بے خبر رکھا جاتاہے ۔ ہمارے معزز ساتھی جمہوری روایات کو آگے بڑھانے کا دعوٰی تو کرتے ہیں لیکن میں نہیں سمجھتا کہ اس طرح جمہوریت آگے بڑھ رہی ہے۔ کیونکہ دونوں ایوانوں میں یا دونوں ایوانوں کی کمیٹیوں میں جو کچھ ہو رہا ہے ' وہ قوم کے سامنے آنا چاہیے تا کہ پوری پاکستانی قوم یہ جان سکے کہ ہم کیا کر رہے ہیں اور کیا نہیں کر رہے ہیں ۔

تیسری بات جو انہوں نے کمیٹیوں کے privileges کے بارے میں کی ہے ' اس سلسلے میں میں عرض کرتاہوں کہ آپ ساری دنیا میں دیکھیں کہ کمیٹیوں اور کمیٹیوں کے چیئرمینوں کو کچھ privileges حاصل ہوتے ہیں۔ اس کے متعلق انہوں نے promise بھی کیا تھا لیکن اب انہوں نے یہ امتیازی سلوک روا رکھا ہواہے کہ کچھ selective کمیٹیوں کے چیئرمینوں کو یہ facilities دے دی ہیں اور باقی کو نہیں دی ہیں' میں سمجھتا ہوں کہ یہ غلط ہے ۔ اگر یہ facilities گورنمنٹ اپنے level پر afford کر سکتی ہے' تو سب کو یہ facilities دے اور اگر نہیں کر سکتی ہے تو یہ فیصلہ کیا جائے کہ یہ facilities نہ نیشنل اسمبلی میں ملیں گی اور نہ سینٹ میں ملیں گی ۔ ان معروضات کے ساتھ میں treasury benches سے ایک دفعہ پھر گزارش کروں گا کہ فلور آف دی ہاؤس پر جو assurance دی جائے۔ اس کو خدارا قبول کیا جائے اور پارلیمنٹ ' جمہوری نظام اور ممبران کا مذاق نہ اڑایا جائے۔ ہمیں در بدر ٹھوکریں کھانے کے لیے نہ کہا جائے۔ کیونکہ جو بھی یہ فنڈز دیتے ہیں ۔ وطن کی تعمیر 'پیپلز پروگرام یا سوشل پروگرام کے نام سے اس کی

supervision ضرور ہونی چاہیئے۔ وہ فنڈز صحیح معنوں میں مفاد عام میں استعمال ہونے چاہیئے کوئی ذاتی مفاد میں نہ ہو۔لیکن امتیازی سلوک نہ ہو۔ بہت شکریہ۔

جناب پریذائیڈ نگ آفیسر۔ لاہنسٹر صاحب۔

سید اقبال حیدر۔ اس دن شاید معزز رکن نہیں تھے۔ پرسوں جب اجلاس ہوا تھا۔ ڈویلپمنٹ پروگرام کے بارے میں ہم نے یہ فیصلہ کر لیا تھاکہ لیڈر آف دی ہاؤس اور لیڈر آف دی اپوزیشن مل کر اور ہم لوکل گورنمنٹ کے تمام افسران کو بلا کر ایک ایک معزز رکن کی جوسکیم ہے۔ اس کے بارے میں رپورٹ پیش کریں گے وہ فیصلہ ہوچکا ہے۔ انشاء اللہ اسی ہفتے میں ہو گا۔ جہاں تک سٹینڈنگ کمیٹیوں کا تعلق ہے وہ نیشنل اسمبلی کی بھی رک گئی تھیں۔ اور سینٹ کی بھی رک گئیں۔ سینٹ کے ساتھ کوئی امتیازی سلوک نہیں رکھا جا رہا۔ میرے معزز ارکان کا یہ تاثر بالکل غلط ہے۔ ہماری حکومت جب تک انشاء اللہ قائم و دائم رہے گی۔ آپ کو کبھی در بدر نہیں ہونے دیں گے۔ ہمارے در بھی کھلے ہوئے ہیں۔ گھر بھی کھلے ہوئے ہیں۔ آپ ذرا نظر کرم تو کریں۔

جناب پریذائیڈ نگ آفیسر۔ بلور صاحب۔

جناب الیاس احمد بلور۔ سر میں اپنے اس طرف کے بھائیوں کو تھوڑی سی بات بتانا چاہتا ہوں۔ کہ پیپلز پارٹی کے ساتھیوں سے زیادہ گلہ نہ کیا کریں۔ کیونکہ ان کا منشور ہی یہی ہے۔ Promises are made to be broken وہ وعدہ ہی کیا ہے جو وفا ہوا۔ انہوں ہاؤس میں جتنے بھی وعدے کیے ہیں اور باہر بھی جو کیا ہے انہوں نے کبھی وفا نہیں کی۔ یہ وقت پر اپنے آپ کو چھڑانے کے لیے جو وعدے کرتے ہیں۔ انہوں نے کبھی وفا نہیں کی۔ لیکن آج تک ہمیں کوئی فنڈز نہیں ملے Last years کے بھی نہیں ملے۔ Promises are made to be broken ان کا تو منشور ہی یہ ہے۔

جناب پریذائیڈ نگ آفیسر۔ یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے۔ اعتزاز صاحب۔

iii) Re: CALL OF STRIKE BY THE LEADER OF THE OPPOSITION

چوہدری اعتزاز احسن۔ سر میں آپ کی وساطت سے ہاؤس کی توجہ ایک تشویش ناک خبر کی طرف دلانا چاہتا ہوں۔اور میں اس بات سے فائدہ بھی کرنا چاہتا ہوں اور اس بات سے استفادہ

بھی کرنا چاہتا ہوں کیونکہ لیڈر آف دی اپوزیشن بھی موجود ہیں اور پاکستان مسلم لیگ نواز گروپ کے جو سیکرٹیری جنرل ہیں وہ معزز رکن بھی یہاں موجود ہیں۔ سر میں چاہوں گا کہ وہ اس ہاؤس کو اس بارے میں کچھ بتا سکیں کہ یہ "ڈان" کے پہلے صفحے کی خبر ہے۔ اب اس کے مطابق انہوں نے ایک strike کی call تو دی ہے۔ ٹھیک ہے۔ میں جانتا ہوں بہت سارے کاروباری لوگ جو ان کی strike سے لاتعلق ہیں۔ اور لاتعلق رہنا چاہتے ہیں۔ لیکن یہ خبر ہے۔ اب آپ اس میں دیکھیں کہ باقاعدہ ان کے مطابق مسلح لوگوں کی ٹولیاں تاجروں کی دوکانیں اور بازار بند کروائیں گے۔ میں سمجھتا ہوں دوکاندار انشاء اللہ مزاحمت بھی کریں گے۔ پر یہ سن لیجئے میں اپنی طرف سے نہیں کہہ رہا۔

The Dawn (First page) : A special group comprising youth wing of Muslim Students Federation

مسلم لیگ ہاؤس میں گولی چلی اور ایک بچہ ہلاک ہو گیا۔ وہ تو ایسے لوگ ہیں۔ راجہ صاحب میں عرض کر رہا ہوں ذرا سنیئے۔

"and Muslim League youth wing is being constituted by Pakistan Muslim League (PML) Nawaz, to make the strike of September 20th a success. The decision to form, this youth group, which is being called peace troops in each and every city, was taken here in a high level meeting, chaired by the oposition leader Mian Nawaz Shari. It is up to the parties, local leadership to equip these peace troops with all arms simply with clubs and batons. Khalil Malik a spokesman of PML(Nawaz) said when asked by "The Dawn", whether these peace troops would be armed. These peace troops will come out early in the morning September 20th and march on the streets and roads"......

اور جناب شیخ صاحب جو کھڑے ہوئے ہیں ان کے بارے میں بھی آرہا ہے

These groups will come out early in the morning on September 20th and march on the streets and roads on all big metropolis on the same pattern as the MQM used to make their calls a success in Karachi and Hyderabad.

یہ ان کا decision ہے۔

باقی میں نہیں پڑھتا ۔ صرف ایک عرض کرنا چاہتا ہوں اور توقع کرتا ہوں کہ جناب سرتاج عزیز صاحب یا راجہ صاحب اٹھ کر اس خبر سے totally disassociate کریں گے ۔ اور میں یہ بھی توقع کرتا ہوں کہ جناب چیئرمین صاحب ایسی کسی تخریب کاری سے یہ خود اجتناب کریں گے۔ اور میں یہ بھی توقع کروں گا کہ اگر ان کی جانب سے کوئی ایسی بات ہوئی یا ایسا کوئی منصوبہ ہے تو نہ صرف اس کا انتظامیہ نوٹس لے گی بلکہ تاجر برادران ، دکانداران ، اور دکانیں کھولنے والے لوگ، بازاروں کو کھولنے والے لوگ ، اور جن کے کاروبار کو یہ اپنی ذاتی سیاسی مصلحت کی وجہ سے بند کرانا چاہتے ہیں وہ نوٹس لے لیں گے ۔ ان کی طرف سے مزاحمت ہو گی۔ اس سے ملک میں کیا ہوگا؟ جناب strike calls اور پارٹیز نے بھی دی ہیں۔ ہڑتال کی call دینا ، ہم یہ نہیں کہتے کہ نہ دیں ۔ بے شک دیں ۔ دودھ کا دودھ پانی کا پانی ہو جائے گا۔ سب کچھ سامنے آجائے گا ۔ لیکن ہڑتال کی کال کے ساتھ یہ فیصلہ کرنا کہ ڈنڈوں اور اسلحے کے ساتھ دکانداروں کی دکانیں بند کرائی جائیں گی ۔ بازار بند کئے جائیں گے۔ میں توقع کرتا ہوں کہ سرتاج عزیز صاحب تو صحیح جو ہیں راجہ ظفرالحق صاحب بھی روشن خیال ہیں وہ اس سے totally disassociate کریں گے ۔ اور ایم کیو ایم کو بھی بری الذمہ کریں گے کیونکہ ان کے بارے میں بہت سارے تحفظات ہیں ۔

That is all I want to say

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ جناب قائد حزب اختلاف راجہ ظفرالحق صاحب ۔

راجہ محمد ظفرالحق ۔ جناب چیئرمین! اس میں کوئی شک نہیں کہ پاکستان کی سیاست میں باوجود اس امر کے کہ جمہوریت بہت زیادہ اس پیمانے کی نہیں رہی جو مغربی ممالک میں تھی۔ لیکن اتنا ضرور ہے کہ اس حق کو recognize کیا گیا کہ اگر اپوزیشن اپنی ناراضگی کا اظہار کرنا چاہے یا احتجاج کا اظہار کرنا چاہے تو اس میں یہ چیز بھی شامل ہے کہ وہ protest کے طور پر قومی سطح کے اوپر ہڑتال کی call دیں ۔ اور اسی سلسلے میں یہ کال دی گئی ہے ۔ اس سے پہلے جو ٹرین مارچ ہوا تھا وہ ٹرین مارچ بھی اسی طریقے سے تھا ۔ جیسے اس سے پیشتر اپوزیشن نے ملک کے اندر ٹرین مارچ کیا تھا۔ لیکن ذرائع ابلاغ اور خاص طور پر الیکٹرانک میڈیا کے اوپر حکومت کا قبضہ ہوتا ہے ۔ اس لئے وہ اپنے لحاظ سے جو ان کے

چند سیانے لوگ جو ہوتے ہیں وہ اس کو meet کرنے کے لئے اپنی meetings کرکے کچھ فیصلہ کرلیتے ہیں ۔ اور وہ پھر اس کو follow کرتے ہیں ۔ آج تک ہمنے دیکھا ہے کہ جب بھی اپوزیشن نےکوئی ہڑتال کی ' جلوس نکالا ' کوئی جلسہ کیا ' تو حکومتی ذرائع نے یہی کہا کہ وہ فیل ہوگئے ۔ بالکل ناکام ہوگیا ہے ۔ چند آدمی بھی نہیں تھے ۔ اور یہ قصہ پورے پاکستان کی تاریخ میں درج ہے ۔ اپوزیشن نے strike کی ' اپوزیشن نے جلسہ جلوس کیا ' اسی ذرائع نے یہی کہا کہ بالکل ناکام ہوگیا ہے ۔ اس سے شاید ایک آدھ دو دن بیٹھی ہوئی حکومت کے دلوں کے اندر تسلی تو شاید ہو جائے لیکن حقائق چھپے نہیں رہتے ۔ اورجو حقیقت ہوتی ہے وہ بالکل سامنے آجاتی ہے ۔ یہی ایوب خان کو بھی کہا جاتا رہا کہ جو ان کے خلاف تحریک ہے اس سے کوئی فرق نہیں پڑا ' کوئی آدمی ہی نہیں گیا ۔لیکن نتیجہ کیا ہوا کہ آخر ایوب خان کو جانا پڑا ۔ آپ کو یہ علم ہے کہ بعد میں اس نے یہ کہا کہ یہ جو Intelligence ایجنسیاں جو کہتے ہیں جی کہ بالکل کچھ نہیں ہوگا ' ہو بھی نہیں سکتا ' ہوا بھی نہیں ہے وہی مرواتی ہیں ۔ حکمرانوں کو ہمیشہ وہی اندھیرے میں رکھتے ہیں ' وہی مرواتے ہیں ۔ اور اس کا نتیجہ کبھی بھی مثبت برآمد نہیں ہوا۔ ہم یہ سمجھتے ہیں کہ بجائے اس کے کہ حکومت اس بارے میں غور کرتی' اگر اس کی صحت ٹھیک ہو' اگر اس کے اندر کوئی سنجیدہ لوگ موجود ہوں' اگر ان کی کوئی بات سننے والا موجود ہو تو وہ یہ سمجھنے کی کوشش کریں' ذرا ٹھنڈے دل سے غور کریں کہ آخر کار یہ کیا ہو گیا کہ سارے لوگ یہ واویلا کرنا شروع ہو گئے ہیں؟ یہ احتجاج کیوں شروع ہوا ہے' کہیں حکومتی پالیسیوں کی وجہ سے تو نہیں ہوا؟ کہیں ہمارا اپنا طرز عمل تو ایسا نہیں' کوئی soul searching ہوتی تو پھر میں یہ سمجھتا ہوں کہ کوئی ایسا راستہ نکالا جا سکتا تھا' جس سے ملک کے اندر یہ اکھاڑ پچھاڑ ختم ہو جاتی۔ ایک بہتر فضا قائم ہوتی۔ جبکہ وزیراعظم صاحبہ نے ایوان میں تقریر کی اور اس کا مثبت جواب قائد حزب اختلاف نے دیا اور کہا کہ ہم آپ کو وزیر اعظم تسلیم کرتے ہیں اور آپ کے اقدامات جو ملک و قوم کی بہتری میں ہوں گے ہم ان کے لئے ہر لحاظ سے تعاون کریں گے۔ لیکن آپ دیکھتے ہیں کہ کل یا آج کی اخبار میں' میں نے نوائے وقت پڑھا' اس میں لکھا ہوا تھا کہ اپوزیشن نے یہ فیصلہ کیا ہے سینٹ میں اب حکومت سے کوئی تعاون نہیں کیا جائے گا۔ یہ ہیڈ لائن ہے۔ حالانکہ ہم نے شروع سے یہ فیصلہ کیا ہوا ہے اور حقائق اس بات کے گواہ ہیں کہ ہم بلا وجہ بغیر کسی جواز کے کسی بھی ایشو کی کسی بھی legislation کی مخالفت نہیں کریں گے۔ بارہا

البتہ اگر کوئی legislation ٹھیک نہیں ہے، ہم یہ سمجھیں کہ ملکی مفاد میں نہیں ہے، اگر ہم یہ سمجھیں کہ اس کی formulation ٹھیک نہیں ہے، اس کا draft ٹھیک نہیں ہے، وہ اس چیانے کا نہیں ہے جسے سینٹ consider کرے تو یقیناً نہ صرف ہمارا یہ حق بنتا ہے بلکہ ہمارا یہ فرض بنتا ہے کہ ہم اس کو point out کریں اور یہ بتائیں کہ اس draft میں یہ یہ خامیاں ہیں، اور جو کچھ آپ کرنے چلے ہیں اس سے کوئی اچھا فائدہ یا نتیجہ نہیں نکل سکتا۔ اس کو مخالفت نہیں کہا جاتا یہ تو اس سسٹم کی خوبصورتی ہے اور اس میں تعداد ہماری زیادہ ہو ہم اس کو reject کروا سکیں، جیسے ہم نے پچھلے سیشن میں کچھ بل reject کئے۔ باوجود یہ کہنے کہ آپ ایسا نہ کریں۔ لیکن یہ کوئی اس وجہ سے نہیں ہوتا، میں صاف آپ کو کہتا ہوں کہ آج بھی ہماری میٹنگ ہوئی اور جتنے legislation کے ہمیں انہوں نے بل دیئے، جو یہاں introduce ہونے ہیں یا جو نیشنل اسمبلی سے ہو کر آئے ہیں ہم نے ان پر ٹھنڈے دل سے غور کیا ہے، ہم نے ایک ایک کی language دیکھی ہے، ہم نے ایک ایک کی علت دیکھی ہے کہ اس کی وجہ کیا ہے اور پھر ہم نے اس کو analysis کر کے فیصلے کئے ہیں کہ اس میں یہ خامی ہے، اگر یہ رفع ہو جائے تو یہ پاس ہو سکتا ہے، یہ اس میں خامی ہے اگر اس کو رفع نہیں کیا جاتا تو ہمیں اس کی اپوزیشن کرنی چاہئے، اس کو point out کرنا چاہیئے۔ لہذا قطعاً ایسا نہیں ہے کہ ہم بلاوجہ opposition for the sack of opposition کریں۔ بالکل یہی کیفیت کل کے اجلاس میں بھی ہوئی لیکن وہاں اجلاس آخر تک attend کرنے کے بعد میں جب گھر آیا اور رات ۹ بجے کی خبریں جب میں نے سنیں تو آخری portion کے اندر ٹیلیویژن کے اوپر یہ خبر تھی کہ اپوزیشن نے اس strike کے دوران تشدد کا فیصلہ کر لیا۔ کوئی تشدد کا فیصلہ نہیں ہوا، ہم صرف یہ کہتے ہیں کہ اگر حکومتی ذرائع جیسے عموماً ہوتا ہے ڈپٹی کمشنروں کو کہا جاتا ہے، انکم ٹیکس والوں کو کہا جاتا ہے اور پھر magestracy جو ابھی تک seperate نہیں ہے اسے کہا جاتا ہے یا کوئی جماعتی لوگ لوگوں کی زبردستی دکانیں کھلوانے کی کوشش کرتے ہیں، ان کے تالے توڑتے ہیں یا ایسا کوئی انتظام کرنے کی کوشش کرتے ہیں جو اس جمہوری حق کے خلاف ہے جو لوگوں کو ایک strike کر کے اپنی دکان بند کر دینے کا حق حاصل ہے۔ یہ ہر ایک آدمی پرائیویٹ ادارے کو کھولے یا نہ کھولے یہ اس کا حق ہے۔ لیکن اگر زبردستی ہم سے وہ دکانیں کھلوائی جائیں تو پھر clashes بھی ہو سکتے ہیں، بدمزگی بھی ہو سکتی ہے، خرابی بھی ہو سکتی ہے۔۔۔۔۔۔ اور یہ اوہو اوہو کرنے کی بات نہیں ہے، یہ سوچنے کی بات ہے، اس ملک کے اندر امن و امان قائم رکھنا فرض

اپوزیشن کی ذمہ داری ہے اتنی ہی یا اس سے بڑھ کر حکومت کی ذمہ داری ہے اور اسے اس ذمہ داری کو پورا کرنا چاہئیے اور اس ذمہ داری کو وہ اسی صورت میں پورا کر سکتی ہے کہ وہ غیر آئینی، غیر قانونی طور پر کوئی ہتھکنڈے استعمال نہ کرے۔ لوگوں کی عزت نفس کے اوپر ہاتھ نہ ڈالے لوگوں کو دیوار کی طرف دھکیلنے کی کوشش نہ کرے اور اگر اس قسم کا طرز عمل چل پڑا ہے اب بھی وقت ہے نتائج نکل نکلیں، مہینے بعد نکلیں، چند مہینے بعد نکلیں، ضرور نکلیں گے ۔ پاکستان کی ساری تاریخ میں کبھی بھی کوئی سیاسی تحریک کسی حکومت کے خلاف اگر چلی ہے تو ناکام نہیں ہوئی تھوڑا وقت لگا، زیادہ وقت لگا، ناکام نہیں ہوئی حکومت ضرور چلی گئی اب یہ الگ بات ہے کہ جنہوں نے احتجاج کیا انہیں حکومت ملی یا کسی تیسری قوت نے اس سے فائدہ اٹھایا یا مجبوری کی تحت وہ آئے لیکن یہ فیصلہ کرنا حکومت وقت کا کام ہوتا ہے کہ ملک کا ٹمپریچر وہ کس لیول پر رکھنا چاہتی ہے اس کی چابی خود اس کے پاس ہوتی ہے۔ اپوزیشن تو react کر سکتی ہے۔ inititative تو ہمیشہ گورنمنٹ کے پاس ہوتا ہے اگر وہ حوصلہ رکھے، اگر وہ تحمل سے کام لے، اگر وہ بردباری سے کام لے، اگر وہ انصاف سے کام لے تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ ایسے حالات بھی پیدا نہیں ہو سکتے لیکن اگر یہ ایسا طرز عمل اختیار نہ کریں گے تو نتائج وہی ابھریں گے جن سے پاکستان کی ساری تاریخ بھری ہوئی ہے اور اس میں پھر آپ کسی سے کہ نہیں سکتے کہ فلاں نے ایسا کیا فلاں نے ایسا کیا یہ analysis یہ بعد از وقت کی پوسٹمارٹم رپورٹیں پہلے بہت ہو چکی ہیں۔ اس لئے یہ کہنا کہ یہ کوئی ایسا فیصلہ ہوا ہے اگر آپ یہ سمجھتے ہیں کہ اگر آپ جبر کریں گے، زبردستی کریں گے اور لوگوں کی دوکانیں کھلوانے کی کوشش کریں گے تو پھر اس کی resistance بھی لوگ کریں گے۔ اس میں کوئی چھپانے کی بات نہیں ہے کوئی شک کی بات نہیں ہے لیکن یہ reaction ہوگا اس بات کا، جو غیر آئینی طور پر آپ کرنے چلیں گے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ شکریہ جناب۔ ملک صاحب آپ بولنا چاہتے ہیں ۔

ملک محمد قاسم۔ سر راجہ صاحب کی ہمیشہ بڑی مدلل تقریر ہوتی ہے اور بڑی خوبصورتی سے بہت سی باتیں کہہ جاتے ہیں اور بہت سی باتوں کا جواب بھی نہیں دیتے لیکن بات یہ نہیں ہے بات یہ ہے کہ اگر اخبارات میں یہ آیا ہے اگر یہ strike کر رہے ہیں تو They are welcome to do so خود راجہ صاحب نے کہا کہ ان چیزوں کی اجازت ہے۔ یہ مجھے نہیں معلوم کہ یہ

کیوں کر رہے ہیں۔ اور اگر مجھے معلوم ہے تو میں کہوں گا نہیں پھر یہ ناراض ہو جائیں گے مجھ سے ۔ لیکن یہ بھی میں نہیں کہوں گا کہ آیا strike کرنی چاہیے تھی یا نہیں ۔ لیکن جس چیز سے یہ بحث چھڑی وہ یہی تھی کہ ان کے اپنے spokeman نے کہا اور اگر کوئی اور اخبار لکھتا جس پر گورنمنٹ کا کنٹرول ہوتا یا ان کا اخبار لکھتا یا ہمارے کنٹرول والا اخبار لکھتا وہ اور بات تھی" ڈان" نے لکھا ہے اور ڈان کو ہم لوگ ایک بڑا آزاد اخبار سمجھتے ہیں اور سمجھا جاتا ہے اس لئے اس میں لکھا ہوا ہے اور لیڈر آف دی اپوزیشن کو یہ چاہیئے تھا کہ وہ اس کو contradict کرتے اور کہتے ۔ اور اس میں لکھا ہے کہ وہ spokeman ہے پاکستان مسلم لیگ نواز گروپ کا اور اگر یہ بات غلط ہے اور اللہ کرے نہ وہ غلط ہو ۔ اخبار نے غلط نہیں کی وہ خلیل صاحب نے اللہ کرے کہ غلط کہا ہو تو یہ فرض تھا راجہ صاحب کا کہ وہ کہتے کہ ایسے نہیں ہوگا ۔ ایسے ہم نہیں کریں گے ۔ ایسی کوئی بات ہمارے خیال میں نہیں ہے جس کی بناء پر یہ کہا جائے کہ ایسے ہوگا ۔ حکومت کی اگر انہوں نے کوئی بات سنی ہے میں نے نہیں سنی اس خبر کو میں نے نہیں دیکھا یا سنا ہوگا میں نہیں کہتا لیکن اگر انہوں نے یہ کہی ہے تو یہ بھی حکومت نے کہا ہے کہ ان کو بالکل کریں انہوں نے دیکھا کہ ان کے ٹرین مارچ میں کوئی مداخلت نہیں کی گئی ان کو بڑا خیال تھا انہوں نے بیانات دیئے ۔ کہ روکا جائے گا یہ کیا جائے گا وہ کیا جائے گا۔ ہم یہ کردیں گے اور میں نے بہت سے اپوزیشن کے لیڈروں کے آج بیانات پڑھے بھی ہیں۔ میں اس کاذکر نہیں کر رہا ان بڑے لیڈروں کی بات کر رہا ہوں جنہوں نے کہا کہ اگر یہ کیا گیا تو ہم یہ کر دیں گے ہم وہ کر دیں گے ۔ strike کرانے والے کچھ کیا کرتے ہیں ۔ strike کو روکنے والے کچھ نہیں کیا کرتے چونکہ اگر strike کو روکنے والے کچھ کریں تو پھر وہ strike کامیاب ہو جایا کرتی ہے ۔ اس لئے یہ apprehension ہماری طرف سے تو نہیں ہونا چاہیے ۔ اور حکومت تو یہ بار بار یہ کہتی رہی ہے کہ آپ اگر پر امن طریقے

Remaining within the law and the Constitution, if any protest is made, it is سے

your right to make it, you must make it, go on making it. لیکن افسوس ہمیں یہ ضرور ہوتا ہے کہ آج کل آپ باتیں ایسی کر رہے ہیں جن کا کوئی جواز نہیں ہے ۔ اور ایسی باتیں کر رہے ہیں اور ایسے الزامات آپ لگا رہے ہیں اور ایسی چیزوں کا انکشاف آپ کر رہے ہیں جن کا مجھے تو علم نہیں ہے ۔ نہ ان کو غلط سمجھتا ہوں اور حکومت بھی کہہ چکی ہے کہ وہ باتیں بالکل غلط ہیں کہ اس سے کچھ بڑا عجیب سا تاثر ہوتا ہے ۔ میں کسی کو پاکستان کا مخالف نہیں سمجھتا ۔ میں کسی

پاکستانی کو کسی کا ایجنٹ نہیں کہتا ۔ میں یہ نہیں سمجھتا لیکن میں یہ ضرور جاننا چاہتا ہوں ایک شہری کی حیثیت سے کہ اگر ہمارے مخالفین جو ملک سے باہر ہیں یا وہ لوگ جن کو کہ کچھ باتیں ہماری پسند نہیں ہیں اور وہ الزام لگانا چاہتے ہیں یا وہ کوئی جواز ڈھونڈتے ہیں ہمیں کمزور رکھنے کا اور وہ کہتے ہیں کہ ہم نے ایٹم بم بنا لیا ہے ۔ آپ بھی یہی کہتے ہیں کہ ہم نے ایٹم بم بنا لیا ہے ۔ ہم کہتے ہیں کہ نہیں ایسی بات نہیں ہے اگر وہ کہتے ہیں کہ یعنی

There are powers Sir, which are waiting, it has been said by the United States of America that we are watching to see whether Pakistan should be declared a terrorist state or not? India is repeatedly saying and we are repeatedly denying that we have sympathy, we give support to the Kashmiris, as far as diplomatic or moral support is concerned. We are for the self-determination we want that their right of self-determination, which was given in the United Nations, they should be allowed to exercise it.

لیکن وہ کہتے ہیں کہ نہیں پاکستان والے وہاں پر مدد کر رہے ہیں پاکستان کی کوئی آرگنائزیشن ہے وہ وہاں پر ان کی مدد کر رہی ہے ۔ آرمز سے مدد کر رہی ہے فلاں چیز سے مدد کر رہی ہے تو راجہ صاحب ہمیں دکھ ہوتا ہے ۔ جب یہ کہا جائے کہ جماعت اسلامی کی مخالفت ہوگی کسی جماعت سے لیکن جماعت اسلامی

Jamat-e-Islami is also part of Pakistan. If any Government of the day, whether it is your Government or our Government, if it allows Jamat-e-Islami to carry out some training of certain people that they should go down to Kashmir and get involved in the struggle, then the blames and the accusations which are being made against us they stand proved. It hurts me that an ex-Prime Minister of Pakistan should say that That Jammat -e-Islami was training people and sending arms to the people of Jammu and Kashmir And then last of all, now another revolution has come about . . . I would not go into it about allegation that the ex-Army Chief of Staff or ex-ISI Chief came and consulted the Prime Minister that

they wanted to indulge in drug smuggling. You have denied it, let us hope that you are able to prove your denial. I am not one of those, you remember that when your leader went to Bosnia there was criticism against that. People made fun of it. And I said no, he did not go there as Mr. Nawaz Sharif, he did not go there in any private capacity. He went there as the Leader of the Opposition of Pakistan and Pakistan should be proud of it. Therefore Sir, if Leader of the Opposition of Pakistan comes and says such things, if he has not said them, and if he is trying to prove that he has not given any interview to The Washington Post or anybody in Pakistan or any representative, I will be happy if he is able to prove it I will be one of the happiest men. I will congratulate him that you have been able to prove it. But so far, the allegation is there, it is being proved against him. But the only thing which worries me is that what is the reason, why is this time being chosen for the revelation of all these things? Why is this happening? And in the same manner Sir, I will say, that you can have hundreds of train marches. I have no objection to it. We have done it. Don't tell me again and again

کہ گئے ہو جا ہے۔

I was with Ayub Khan. I am not ashamed of being with Ayub Khan. And I know that a movement was made against him and he had to go. He was a human-being. He must have made some faults. If he did good things, he must have done very bad things also. And the people had a right to go. But Sir, don't tell us that if one march takes place or one strike takes place, the governments go. I have been marching for eleven years and they were not ordinary marches. Those movements were not ordinary marches., but I could not remove that government. The whole Opposition could not remove the government of the past

which was there for eleven years. God removed it You are welcome. I know that you have to live as a political element. You have to keep people with you. You have to hearten them. You have to give them courage, consolation now that Government will go. Please do it. I have been doing it myself.

ہم کہتے تھے ۔ ایک بات کرتے تھے ۔ کوئی بندہ ساتھ آتا نہیں تھا ۔ ہم دو بندے ہوتے تھے میں اور خورشید قصوری مال روڈ کے اوپر' دوہزار پولیس ہوتی تھی اور میں کہتا تھا کل چلا جائے گا جی ۔ بھگا دیں گے جرنیل صاحب کو۔

So you are wel-come to do that . But I do say that for God's sake, if the things are bad, if we are in a difficulty, and when I say we, I mean Pakistan is in a difficulty. If any thing happens , it is not that the Government is going to suffer. It is not that the Opposition alone is going to suffer, it is the whole of the people of Pakistan that are going to suffer. Sir, it has come in the Press, you go for strike and do anything you want to , we welcome that you want to go on a strike. Please do . But for God's sake, don't give this.... this will harm your strike. Don't give threats or say that we will come with arms. We will do this thing. Actually you are trying to threaten the shop keepers. the merchants and everybody that you will bring arms, therefore, they should close their shops and therefore they should go on strike. I am not even bothered about that . I am bothered about the terrorism which at the moment is prevalent in the country. What is happening in Karachi? What is happening everyday in Lahore? You can tell me that if this happens, it is always the failure of the Government. I am prepared to concede to that but this has been happening since a very long time. It has been happening since so many years. It is happening in my country. Therefore, it is the failure of all of us. But keeping this in view that everyday people are being killed in Karachi. There is a sort of a . I would say, a sort of

movement being made up for this sectarian terrorism. People from Sipah-e-Sahaba are being killed, people from Shia Community are being killed. is it not shameful for all of us that people are being killed? They pray in the mosques and Muslim goes and kills a Muslim. Keeping that in view, I say that even if you want to go on strike, please go on strike, but for God sake, it is your duty inside the Senate, inside this House and as well as it is the duty of all leadership that they should categorically say outside that whatever may happen, if I were you, I would have said that let Government do anything they want to, but we will be peaceful. We will not carry any arm and we will see that peace remains within the country, when your strike or anything else is going on. So, Sir, these were my words and I assure you Raja Sahib, there will be no violence, as far as, we are concerned. There will be no stoppage or anything like that. As far as, your strike is concerned, you can have it as you had your train march. If you remain peaceful, if you remain within the limits of law, if you remain within the limits of the Constitution, I give you word of honour that nothing would happen. But if anybody wants to brake it, then I think it is the Government's failure if they do not brake those people who break the peace of this 'country.

جناب پریذائیڈ نگ آفیسر۔جی حافظ صاحب on point of order -

حافظ حسین احمد۔ جناب چیئرمین صاحب' آج آپ جس طرح Private Members Day کو چلا رہے' اس پر میں دل کی گہرائیوں سے مبارک باد پیش کرتا ہوں۔

جناب پریذائیڈ نگ آفیسر۔ جی راجہ صاحب۔

راجہ محمد ظفر الحق۔جناب چیئرمین ' میں پہلے اس ہڑتال کے بارے میں گزارشات کر چکا ہوں ۔ محترم قائدایوان نے اس کے علاوہ بھی کچھ ایسی باتیں کہی ہیں جو ان کا حق بنتا تھا۔ لیکن اعتزاز احسن صاحب نے سوال اٹھایا تھا' وہ باتیں اس سے متعلق نہیں تھیں۔ لیکن اس کا

جواب دینا انتہائی ضروری ہیں۔ Perception گورنمنٹ کے اپنے ذرائع ، اپنی information کے لحاظ سے، اپنی ہوتی ہے، اسے خود فیصلہ کرنا ہوتا ہے کہ آیا اس نے کیا طرز عمل اختیار کرنا ہے ، ملک کے داخلی حالات کے بارے میں ، ملک کے خارجی حالات کے بارے میں ، اپوزیشن کا یہ کام نہیں کہ وہ انہیں کہے کہ ایسا آپ کریں یا نہ کریں ۔ بعینہ اپوزیشن اپنی perception رکھتی ہے اور perception کے مطابق وہ جو حکومتی عمال ہیں ، جو اس کے اقدامات ہیں، ان کے اوپر اپنے ردعمل کا اظہار کرتی ہے۔ انہوں نے یہ فرمایا کہ لیڈر آف دی اپوزیشن کی جانب سے ایٹمی پروگرام کے ایک خاص سطح پر پہنچنے کے بارے میں جو بیان دیاگیا تھا اس سے ملک کے لئے مشکلات پیدا ہوئی ہیں۔ لیکن جناب چیئرمین! حقیقت یہ ہے کہ اس بات کا دباؤ اس وقت سے شروع ہے جب پاکستان نے اپنا یہ پروگرام شروع کیا تھا اور یہ پروگرام اس وقت شروع کیا گیا تھا جب ہندوستان 74ء میں ایٹمی دھماکہ کر چکا تھا۔ اس دن سے لے کر صرف discremination کے ذریعے سے پاکستان کے اوپر ہی پریشر رہا۔ اور اسے یہ کہا جاتا رہا کہ اگر آپ اس پروگرام کو بند نہیں کرتے، رول بیک نہیں کرتے، کیپ نہیں کرتے تو ہماری امداد بند ہو جائے گی یا کچھ ہو جائے گا ۔ لیکن ۱۰، ۱۱ سال افغانستان کے مسئلے کی وجہ سے پاکستان بچا رہا ۔ مغرب نے آپ پر وہ پریشر نہیں ڈالا جو اس مسئلے کے موجود نہ ہونے کی وجہ سے آپ پر آ سکتا تھا ۔ لیکن حکومت پاکستان ایک جماعت کی ہو یا دوسری جماعت کی ہو ان کا Stand ہمیشہ یہ رہا ہے کہ ہم Non-Proliferation Treaty کے بارے میں یہ رویہ رکھتے ہیں کہ ہمارے ساتھ discremination ، بے انصافی نہ ہو ۔ اس کو Regional basis پر آپ دیکھیں ایسے مسئلے حل کریں جس میں ہم یہ سمجھیں کہ ہمارے ساتھ جیسے سلوک ہو رہا ہے ویسے بھارت کے ساتھ بھی سلوک ہو رہا ہے ۔ اگر آپ Regional کے بارے میں نہیں کرتے ، bilateral کریں ۔ جس کے بارے میں حکومت پاکستان نے خود بھارت کو آفرز بھی دی ہیں کہ اس خطے کو ایٹمی ہتھیاروں سے پاک خطہ بھی قرار دیا جا سکتا ہے لیکن ایسا نہیں ہو سکا ۔ اور اب یہ کیفیت یہ ہے کہ وہ جو Non - Proliferation Treaty تھی اس کی میعاد ۲۷ سال کے بعد آئندہ سال مئی کے مہینے میں ختم ہونے والی ہے اور ایک نیا معاہدہ ہوگا ۔ اس نئے معاہدے کے تحت ۱۰۰ سے زائد ممالک دوبارہ اکٹھے ہونگے ۔ اور پھر جن ممالک کے پاس ایٹمی ہتھیار موجود ہیں ان کو ایک طرف رکھ کر انہیں اس ایٹمی کلب کا ممبر قرار دے کر کوشش یہ کی جائے گی کہ جنہوں نے ابھی تک نہیں بنائے ہیں ان کے اوپر سارا زور لگایا جائے کہ وہ نہ بنائیں۔ اس لئے آپ نے محسوس

کیا ہوگا کہ پاکستان کے اندر بے شمار دفعہ مختلف رہنماوں کی طرف سے یہ مطالبہ آیا تھا کہ اب موقع ہے کہ پاکستان کو یا دھماکہ کرنا چاہیئے یا اس بات کو declare کرنا چاہیئے ۔ اور آپ دیکھتے ہیں کہ دنیا کا رویہ کیا ہے ۔ اس میں خوف زدہ ہونے کی بات نہیں ہے ۔ پاکستان کے مفادات پر کوئی غلط اثر پڑنے کا کوئی اندیشہ نہیں ہے ۔ میں آپ سے گزارش کروں گا کہ اس کے اچھے اثرات نکلے ہیں۔ وہ کیسے آپ نے دیکھا ہے کہ چین کے اوپر امریکہ کا اور مغربی دینا کا بے پناہ پریشر تھا کہ وہ Tinman Square کے اندر جو کچھ واقعات ہوئے تھے چند سال پہلے ان کو نشانہ بنا کر انہیں یہ کہا تھا کہ جب تک human rights ریکارڈ آپ درست نہیں کرتے اس وقت تک آپ کے ساتھ کوئی تجارتی معاہدہ وغیرہ نہیں کیا جائے گا ۔ اور most favoured nation کی treatment بھی آپ کو نہیں دی جائے گی اور اس پر دباؤ انہوں نے مسلسل جاری رکھا لیکن چین اپنے اصول کے اوپر رہا کہ یہ اس کا داخلی معاملہ ہے کسی اور کو اس کے اوپر مداخلت کرنے کی اجازت وہ نہیں دے گا۔ خود امریکہ ، فرانس ، برطانیہ اور جرمنی ، جاپان بڑی بڑی کمپنیاں جن کی بیرونی تجارت ہے وہ چین جیسی ایک بڑی منڈی کو نظرانداز نہیں کر سکتے تھے ۔ نتیجہ یہ ہوا کہ اور تو اور خود امریکہ نے وہاں جا کر، چین کے اندر بیٹھ کر ابھی چند دن پہلے ان کے ساتھ معاہدہ کیا ۔ کئی لوگوں نے یہ سوال اٹھایا ۔ امریکن کانگریس نے بھی ۔ اور انہیں یہ کہا کہ کل تک تو آپ یہ روتے رہے ہیں کہ جب تک کہ وہ انسانی حقوق کا ریکارڈ آپ کے بقول درست نہیں کرتے ۔ آپ ان کے ساتھ کوئی تجارتی معاہدہ نہیں کریں گے ۔ اب آپ ۶۰ آدمیوں کی ٹیم وہاں بھیج رہے ہیں لیکن ان کا جواب یہ تھا کہ ہم Human Rights کے ایشو کو الگ رکھیں گے اور باہمی تجارت کو الگ رکھیں گے کیونکہ اگر ہم تجارت ان کے ساتھ نہیں کریں گے تو پھر امریکہ کو نقصان ہوگا ۔ اور جو International deficit ہیں ہم اس سے پورا نہیں کر سکیں گے ۔ نتیجہ یہ ہوا کہ وہ معاہدہ ہوگیا اور امریکہ کو اپنی پالیسی بدلنی پڑی لیکن اگر کوئی چھوٹا ملک ہوتا ، اگر کوئی کمزور ملک ہوتا ، اگر بے جرات لوگوں کا ملک ہوتا تو پھر امریکہ ان پر اور پریشر ڈالتا ۔ اگر آپ نے یہ فیصلہ کرنا ہے کہ میں نے کیا کہنا ہے تو پھر نہ آپ بات کر سکیں گے نہ میں بات کر سکوں گا۔ اور اس میں ہوا کیا کہ میاں نواز شریف صاحب کا یہ بیان دینے سے کہ میں سردار عبدالقیوم خان کی اس بات کی تصدیق کرتا ہوں کہ آئندہ جو بیان دیا ہے نرسیا راؤ، وزیراعظم ہندوستان نے ۱۵ تاریخ کو اپنے یوم آزادی کے اوپر کہ اب ایجنڈا ایک ہی رہ گیا ہے کہ آزادکشمیر ہمارے حوالے کیا جائے تو اس fact کو سردار عبدالقیوم

صاحب نے کہا کہ اگر ہندوستان کوئی ایسی کارروائی آزادکشمیر کے اندر کرتا ہے تو پھر اب اس خطہ میں جنگ عام ہتھیاروں سے نہیں لڑی جائے گی، ایٹمی ہتھیاروں سے لڑی جائے گی۔ (مداخلت) انہوں نے نہیں کہا تھا کہ میں ماروں گا' وہ آپ ماریں گے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ No cross talk please

راجہ محمد ظفرالحق اس پر میاں نواز شریف نے تقریر کرتے ہوئے کہا کہ میں سردار عبدالقیوم کی بات کی تصدیق کرتا ہوں اور اس کا رزلٹ کیا ہوا۔ ملک کے اندر تو پولٹیکل' ایک واویلا' ایک point score کرنے کے لیے شروع کر دیا گیا۔ کوئی سیاسی مسئلہ ہے' یہ سمجھا گیا کہ ہم نے یہ بیان دیا تو شاید پاکستان کے لوگ خلاف ہو جائیں گے۔ شاید پتہ نہیں کیا ہو جائے گا۔ ایسا نہیں ہوا۔ اور ملک کے باہر اثرات کیا ہوئے۔ کیا یہ درست نہیں کہ امریکہ کے سٹیٹ ڈیپارٹمنٹ نے یہ کہا ہے کہ اب ہم پاکستان کو رول بیک کے لیے نہیں کہیں گے، ہم اسے صرف یہ کہیں گے کہ وہ اپنا میزائل پروگرام جو ہے وہ اسے روکے۔ کیونکہ وہ یہ سمجھتے ہیں delivery system نہ ہونے کی وجہ سے پاکستان ایسی کارروائی نہیں کر سکتا۔ یہ بیان آیا ہے۔ اخبارات میں چھپا ہے۔ انٹرنیشنل ایجنسی نے چھاپا ہے۔ اسی طریقے سے آپ دیکھتے ہیں کہ اس بیان کے ہوتے ہوئے بھی امریکہ نے کل پرسوں امداد اور وہ جو قرضہ دینا تھا اس میں کوئی رکاوٹ نہیں ہوئی۔ اس نے دیا۔ تو اس لحاظ سے اگر آپ یہ سمجھیں کہ اس طرزعمل سے اگر آپ کوئی سیاسی طور پر دنیا کے نقشے کے اوپر کوئی ایسی جرات مندانہ کارروائی کر سکنے کے اہل ہیں' یہ بالکل غلط ہے۔ جو ملک اپنے پاؤں پر کھڑا ہو کر اپنی آزادی' اپنی بقاء' اپنی خودداری اپنی sovereignty کی حفاظت نہیں کر سکتا۔ باہر سے کوئی آ کر اس کی حفاظت نہیں کر سکتا اور یہ سبق قوم کو بھی دینا ہے اور خود بھی سیکھنا ہے۔ اس کے بغیر گزارہ نہیں ہو سکتا۔ پھر ملک صاحب نے یہ کہا کہ چند دن پہلے ایک انٹرویو کی بات ہوئی ۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت اس کی کیا ضرورت تھی۔ وہ تو آپ اس سلسلے کو ہی دیکھ رہے ہیں کہ وہ یہی ہے کہ وہ کہتے ہیں کہ کہیں مئی میں بات ہوئی تھی جو اب ستمبر میں کی جا رہی ہے۔ لیکن یہ denial آ جانے کے بعد دنیا نے اس کو قبول کیا۔ لیکن یہاں ملک کے اندر یہ کہا جاتا ہے کہ نہیں جو کامران خان نے لکھا ہے وہی درست ہے۔ حالانکہ کامران خان کے چار ایسے بیانات ہیں جن کے بارے میں خود انہیں تسلی نہیں ہو گی کہ وہ درست ہیں۔ کامران

خان نے ہی سب سے پہلے وہ پہلا بیان لکھا تھا۔ جس میں اسلم بیگ کے بارے میں یہ کہا تھا کہ اس نے یہ تسلیم کیا ہے کہ پیسے لیے ہیں۔ کامران خان نے ہی صدر فاروق لغاری کے بارے میں مہران سکینڈل کا پورا یہ --- ایک نہیں بہت سارے وہ لکھتا رہا ہے۔ اس کی authenticity کے اوپر اس وقت تو آپ کو ایمان لانے کی ضرورت نہیں محسوس ہوئی چونکہ ڈان میں، حالانکہ اس کے، ڈان میں ہی چھپے۔ (مداخلت) ہم لانے لیکن اسی کا لکھا ہوا تھا۔ ڈان میں ہی لکھا ہوا تھا۔

سید اقبال حیدر۔دی نیوز۔

راجہ محمد ظفرالحق۔ ڈان میں لکھا ہوا تھا۔ نیوز میں بھی لکھتا ہے، ڈان میں بھی لکھتا ہے۔ وہ syndicated writer ہے۔ آرٹیکل دیتا ہے۔

(مداخلت)

راجہ محمد ظفرالحق۔ یہ سوال اٹھا ہے۔

Mian Raza Rabbani: There is an adjournment motion. Since the Leader of the Opposition is dilating on it, let us discuss it.

راجہ محمد ظفرالحق۔ وہ اگر آئے گی تو دیکھیں گے۔ یہ تو ملک صاحب نے، Leader of the House نے بات کی ہے۔ میں نے نہیں کی۔ انہوں نے کہا ہے کہ اگر اس کے سابقہ چار بیانات کو آپ درست مانتے ہیں تو پھر آپ اس کا حوالہ اس طریقے سے دیں کہ کوئی deny بھی کرے تو آپ کہیں، نہیں نہیں اس نے چونکہ لکھ دیا ہے اور پھر ڈان میں لکھ دیا ہے یا واشنگٹن پوسٹ میں چھپ گیا ہے تو پھر صحیفہ آسمانی ہو گیا ہے۔ میرے بارے میں بھی یہ بیان چھپا تھا کہ میں نے ملک صاحب کے خلاف بیان دیا ہے ۔ لیکن میں نے یہاں آ کر اس کی تردید کی، میں نے لاتعلقی کا اظہار کیا اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس بارے میں جر ات ہونی چاہئیے اور اس بات کی پرواہ نہیں ہونی چاہئیے کہ گورنمنٹ کی طرف یا اپوزیشن کی طرف اس کا کیا اثر پڑے گا؛ بلکہ یہ دیکھنا چاہئیے کہ حق کیا ہے ؟ اس لحاظ سے میں یہ سمجھتا ہوں کہ آپ ان معاملات کو، ایٹمی مسئلہ ہو یا لیڈر آف دی اپوزیشن کے دوسرے بیانات ہوں اگر ایٹمی مسئلے کے اوپر بھی گورنمنٹ ایک graceful silence اپناتی تو اس کو زیادہ فائدہ ہوتا ۔ یہ واویلا کرنے سے گورنمنٹ نے اپنی کمزوری کا اظہار کیا ہے ۔ اسی طریقے سے باقی معاملات بھی ہیں اس میں خوامخواہ اگر

کسی نے اس کی تردید کر دی ہے تو graceful طریقہ ہے کہ آدمی کہے کہ بس ٹھیک ہے مسئلہ ختم ہوا۔ لیکن ایک آدمی کہے کہ نہیں مجھے گالی دی ہے اور جب تک میں پچاس بار اس کو دہرا نہ لوں میری اپنی تسلی نہیں ہو گی تو وہ گالی پھر کس کو جائے گی۔

جناب شفقت محمود۔پوائنٹ آف آرڈر۔

راجہ محمد ظفرالحق۔میں بات ختم کرنے والا ہوں ۔ اس لئے ان معاملات کو ایسے انداز میں لیں جو ایک ذمہ دار حکومت کو لینا چاہئیے ۔ ایسے انداز میں نہ لیں کہ آج اتنا ملک کے اندر ہیجان ہو اور اصل مسائل کی طرف توجہ نہ ہو ۔ انٹیلیجنس ایجنسیاں سیاسی مخالفین کے اوپر لگی ہوئی ہوں انہیں آج تک یہ پتہ نہ لگ سکا کہ کراچی میں فائرنگ کرنے والے کون ہیں ؟ ہر روز یہی لکھا ہوتا ہے کہ نا معلوم افراد فلاں کار میں اور سفید کار میں فائر کر کے چلے گئے ۔ یہاں پشاور کے قریب دو آدمی مارے گئے پولیس کے ہاتھوں ۔ اس سے پہلے گھر میں بیٹھے ہوئے دس آدمی مارے گئے پنجاب کا یہی حال ہے ، کراچی اور سندھ کا یہی حال ہے اور حکومت اگر اب بھی یہ کہے کہ لوگ یہ کیوں کر رہے ہیں تو مجھے یہی یاد آتا ہے کہ جب فرانس میں انقلاب آیا تھا تو اس وقت ایک نوجوان ملکہ نے اپنی آیہ سے یہ پوچھا کہ یہ مجھے سمجھ نہیں آتی کہ یہ لوگ کیا کر رہے ہیں ؟ تو اس نے کہا کہ یہ بھوکے ہیں اس لئے ایسا کر رہے ہیں تو اس نے کہا کہ پھر کیک کیوں نہیں کھا لیتے ؟ یہ کیفیت پیدا نہ کریں ۔ اتنی بے خبری نہ رکھیں اپنی کہ آپ کو کوئی پتہ نہ لگے ، کوئی پتہ نہ لگے کہ یہ ایسا کیوں ہو رہا ہے ؟ ملک میں یہ حالات کیوں پیدا ہوئے ہیں ؟ آپ اپنے گریبان میں بھی تھوڑا سا جھانک کر دیکھ لیجئیے ۔ شاید کچھ حق کی رمق بھی مل جائے اور ملک کے حالات درست ہو سکیں ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ شکریہ ۔ جناب اعتزاز احسن ۔

چوہدری اعتزاز احسن۔ جناب چیئرمین! دو مرتبہ جناب لیڈر آف دی اپوزیشن کے خیالات بڑے غور سے سنتا رہا اور خاصی سیر حاصل گفتگو انہوں نے فرمائی ہے ۔ بہت سارے موضوعات پر انہوں نے اظہار خیال کیا ہے لیکن جناب چیئرمین صاحب آپ کی وساطت سے جو میں نے ایک چھوٹا سا لیکن بڑا اہم سوال کیا تھا اور مجھے توقع تھی کہ اگر راجہ صاحب نہیں تو سرتاج عزیز صاحب بھی یہاں موجود ہیں وہ میرا خیال ہے because of his silence he is agreeing

with کیونکہ یہ بھی نیم رضا ہوتی ہے کہ خاموشی سے تشریف رکھتے ہیں ۔ اب ایٹم بم کی بات، اس کی کیا انہوں نے تائید کر دی نواز شریف صاحب کے بیان کی وہ جو بات ملک صاحب نے دوسری کی جس کا ذکر نہیں کرنا چاہتے واشنگٹن پوسٹ میں چھپا ۔ واشنگٹن پوسٹ اور ان کے درمیان ایک معاملہ ہے وہ طے ہو گا ۔ اب تیسرا ایک بیان ڈان میں چھپا ہے ۔ اب ڈان بھی غلط لکھتا ہے، واشنگٹن پوسٹ بھی غلط لکھتا ہے نیلہ بٹ پہ بھی نواز شریف صاحب نے بات نہیں کی، نہیں کی ہو گی کسی اور انداز میں کسی اور مصلحت کے تحت نرسیمہاراؤ کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کے وہاں نیلہ بٹ میں انہوں نے ضرور بات کی ہو گی ۔ لیکن جناب میرا سوال چھوٹا تھا جس پہ دو تقریریں ہوئیں اور میں بڑا محظوظ ہوا ہوں بہت اچھا استدلال ہے اور ایک دفعہ یحییٰ بختیار صاحب نے کہا تھا کہ کیس کمزور ہے وکیل اچھا ہے ۔ وکالت بہت اچھی کی ہے جناب راجہ صاحب نے لیکن مقدمہ ان کا پھر بھی کمزور رہا اور میرا وہی سوال ہے کہ یہ جو ڈان میں لکھا ہے اور ان کے ترجمان سے منسوب ہے کہ یہ لوگ اسلحہ لے کے آئیں گے اور strike کے لئے اسلحہ دیا جا رہا ہے ۔ لوکل لیڈر شپ جہاں سمجھے گی کہ ضرورت ہے وہاں اسلحہ دے گی اس کے بارے میں یہ صحیح کہہ رہے ہیں غلط کہہ رہے ہیں یہ خانہ جنگی چاہتے ہیں یہ تاجروں، دکانداروں، کاروباری لوگوں کی تباہی چاہتے ہیں کیا چاہتے ہیں اس بات کا جواب دیں ہاں یا ناں ۔

سید اقبال حیدر۔ اس کا جواب نہیں دیں گے وہ دہشت گردی پر یقین رکھتے ہیں ۔

راجہ محمد ظفرالحق۔ میں نے جواب دیا تھا میرا خیال ہے آپ کا ذہن یہاں حاضر نہیں تھا۔ میں نے صرف یہ کہا تھا کہ اس معاملے میں اپوزیشن صرف ردعمل کا اظہار کرے گی۔ اگر---

چوہدری اعتزاز احسن۔ اسلحہ لے کر آئے گی یا نہیں آئے گی ۔ یہ جواب دیں ۔

راجہ محمد ظفرالحق۔ نہ جلسوں میں پہلے اسلحہ لے کر ہم آئے ہیں نہ آئندہ لے کر آئیں گے لیکن اگر حکومت نے جبر کیا تو اس کے ردعمل کی ذمہ دار اپوزیشن پر نہیں ہو گی۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ شکریہ ۔ سرتاج عزیز صاحب ۔

جناب سرتاج عزیز۔ جناب والا! میں کل اس میٹنگ میں موجود تھا اور میں پوری ذمہ داری سے کہتا ہوں کہ اسلحہ کا نہ مسلح ہونے کا کوئی ذکر تک نہیں ہوا ساری میٹنگ میں اور یہ جو خبر پڑھی ہے انہوں نے اس کو بھی اگر غور سے دوبارہ پڑھیں تو اس میں پوری خبر میں نہیں

ہے کہ وہ اسلحہ لے کر چلیں گے ۔ انہوں نے پوچھا کہ آیا وہ ہوں گے تو اس نے کہا کہ یہ مقامی لیڈر کی صوابدید ہے کہ وہ کیا کریں گے ۔ یعنی یہ اس کے منہ میں ڈالنے کی بات کی گئی وگرنہ ایسی کوئی بات نہیں تھی اور اہم بات یہ ہے کہ یہ agitation یا یہ جو تحریک ہے یہ پچھلے چند مہینوں سے چل رہی ہے تو اس سارے وقت میں ایک شیشہ کہیں ٹوٹا ہے ؟ کوئی غیر قانونی کام ہوا ہے؟ کوئی غیر آئینی کام ہوا ہے ؟ اور ان کا جو پیریڈ تھا اپوزیشن کا اس کا اس سے موازنہ کر لیں ۔ نہ انہوں نے اسمبلی مانی ۔ لانگ مارچ کیا کہ ہم زبردستی گورنمنٹ کو گرائیں گے ۔ contrast بڑا ظاہر ہے کہ ہماری جو تحریک ہے وہ بالکل آئین اور قانون کے دائرے میں ہے ۔ یہ جو انہوں نے بات کہی کہ انہوں نے ٹرین مارچ میں کوئی interfere نہیں کیا یہ بھی حقائق کے خلاف بات ہے۔ اس لئے کہ-------------

Mian Raza Rabbani: Sir, it is not a point of order. Sir, as far as the prerogative of the Leader of the House and the Leader of the Opposition is concerned, it can be stretched to an extent. But as far as an individual member is concerned, I would kindly draw your attention to Rule 216 which explicitlystates as what is a Point of Order and what the honourable Senator is saying right now is not a point of order.

Mr. Presiding Officer: I have asked him to answer to Mr. Aitzaz Ahsan's question. That is why he answered.

